سوال

(339) مطالعہ کے بعد اخبارات

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اخبارات کے مطالعہ کے بعد ان کا کیا کریں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اخبارات قرآنی آیات، اسماء باری تعالیٰ اور احادیث نبوی پر مشتمل ہوتے ہیں، لہذا ان کی توہین نہیں ہونی چاہیے۔ مگر افسوس کہ بعض لوگ کھانا کھانے کے لیے دستر خوان کی بجائے اخبارات کو استعمال کرتے ہیں، یہ ان کی جہالت ہے اگر ایسے مقدس ناموں پر مشتمل اخبارات کو جلانا ممکن ہو تو یہ سب سے بہتر عمل ہے اور اگر ایسا نہ ہوسکے تو انہیں کسی تھیلے وغیرہ میں باندھ رکھنا چاہیے تاکہ وہ دوسری متروکہ اشیاء سے الگ احترام کے ساتھ پڑے رہیں۔ ۔ ۔ ۔ شیخ محمد بن صالح عثیمین۔ ۔ ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ برائے خواتین

مختلف فتاویٰ جات، صفحہ: 355

محدث فتویٰ